21-07-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔خلیج بنگال میں سمندری طوفان کمزور ہوگیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں اگلے تین دن تک تیز بارش جاری رہے گی۔

۲۔بھدراچلم میں گوداوری کی سطح آب 42.2 فٹ ہوگئی ہے اور امکان ہے کہ آج شام تک 43 فٹ ہوجائے گی جو خطرہ کی پہلی سطح ہے۔

۳۔ مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ ملک کی عوام نے یہ اندازہ کرلیا تھا کہ اگر کانگریس حکومت میں آئے گی تو دہشت گردی، خاندانی راج اور کرپشن میں اضافہ ہوگا، اسی لئے انہوں نے تیسری بار بی جے پی کو اقتدار سونپا۔

اور

۴۔ سکندرآباد اجین مہا کالی بونال آج جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا جسے لشکر بونالو کہا جاتا ہے۔

☆☆☆

حکومت نے آج دہلی میں پارلیمنٹ میں بجٹ سیشن سے پہلے کل جماعتی اجلاس طلب کیا۔ اجلاس کے دوران حکومت نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پرسکون کام کو یقینی بنانے کے لئے تمام سیاسی جماعتوں سے تعاون مانگا۔ پارلیمنٹ کا بجٹ سیشن کل شروع ہورہا ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کل پارلیمنٹ میں معاشی سروے پیش کریں گی۔ معاشی سروے میں معیشت کے مختلف شعبوں کے بارے میں اعداد وشمار پر مبنی معلومات اور تجزیہ پیش کیا جاتا ہے۔ اس میں روزگار، جی ڈی پی کی شرح نمو اور افراط زر کے بارے میں ڈیٹا فراہم کیا جاتا ہے۔ وزیر خزانہ منگل کو لوک سبھا میں مرکزی بجٹ 25-2024ء پیش کریں گی۔ یہ تیسری میعاد میں نریندر مودی حکومت کا پہلا بجٹ ہوگا۔ حکومت امکان ہے کہ اس سیشن میں چھ نئے بلز پیش کرے گی۔ ان میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ ترمیمی بل، بائلرس بل، بھارتیہ وائیوائن ودیدھائک، کافی پروموشن اینڈ ڈیولپمنٹ بل اور ربر پروموشن اینڈ ڈیولپمنٹ بل شامل ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ کے محکمہ فوڈ اینڈ سیفٹی کی ایک ٹاسک فورس میں حیدرآباد کی مختلف ریسٹورنس میں دھاوے جاری رکھے۔ ان معائنوں کے دوران انتظامیہ اور پکوان کرنے والے عملہ کو باورچی خانہ میں اپنائے جانے والے بہترین طریقوں اور پروٹوکول کے بارے میں بتایا گیا۔ پچھلے کچھ مہینوں میں ٹاس فورس کی ٹیمیں مختلف ریسٹورنس، پی جیز اور ہاسٹلس میں دھاوے کررہی ہیں، تاکہ غذا کے معیار کو برقرار رکھا جاسکے۔

☆☆☆

بھارت راشٹر سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے کے پراجکٹ کے خرچ میں ڈرامائی اضافہ پر سوال اٹھائیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شروع میں اس کا اندازہ پچاس ہزار کروڑ تھا بعد میں پراجکٹ کی لاگت بڑھا کر ستر ہزار کروڑ کردی گئی اور اب یہ 1.5 لاکھ کروڑ ہے۔ سابق وزیر نے دعویٰ کیا کہ سابقہ بی آر ایس حکومت 3 ہزار 866 کروڑ کے خرچ سے سیوریج ٹریٹمنٹ کا کام سو فیصد مکمل کردیا تھا اور سولہ ہزار 634 کروڑ کے تخمینہ سے موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے اور اسے فروغ دینے کا منصوبہ بنایا تھا۔ اس میں او آر آر مغرب یعنی منچی ریولا سے او آر آر مشرق یعنی پرتاپ سنگرام تک ایکسپریس وے بھی شامل ہے۔ انہوں نے پراجکٹ کے خرچ میں غیر معمولی اضافہ پر سوال اٹھائے اور موجودہ حکومت کے ارادوں اور اندازوں پر شبہات کا اظہار کیا۔

☆☆☆

ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ نے بھدرادری ضلع کے اسواراؤ پیٹ منڈل میں پداواگو پراجکٹ کا معائنہ کیا جس میں شگاف پڑ گیا ہے۔ وزیر نے متاثرہ علاقوں کا معائنہ کیا اور حفاظتی اقدامات اور پراجکٹ کے تعمیری کاموں کے بارے میں کلکٹر، ایس پی اور دوسرے سینئر عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی۔ انہوں نے بے گھر لوگوں کی فوری مدد کی ہدایت دی۔ وزیر نے یقین دلایا کہ وہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے بات چیت کریں گے اور ان کسانوں کے ساتھ انصاف کریں گے جن کی فصلوں کو سیلاب کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے۔ تملا نے کہا کہ وہ شخصی طور پر آندھرا پردیش حکومت سے بات چیت کر رہے ہیں اور سیلاب سے نمٹنے کے لئے پداواگو پراجکٹ کی پھر سے صورت گری پر غور کر رہے ہیں۔

☆☆☆

سکندرآباد اجین مہاکالی بونال آج دھوم دھام سے منایا جا رہا ہے، جسے لشکر بونالو کہا جاتا ہے۔ مندر کا علاقہ صبح سے ہی عقیدتمندوں سے بھرا ہوا تھا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے مندر کا دورہ کیا اور ریشمی کپڑے پھینٹ کئے۔ اس سے پہلے صبح میں حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر گوڑ نے اپنے خاندان کے ساتھ دیوی کو پہلا بونم پیش کیا۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بھی مہاکالی مندر کا دورہ کیا اور دیوی کی پوجا کی۔ بی جے پی ارکان پارلیمنٹ لکشمن، ایٹلا راجندر، ریاستی وزیر سیتااکا اور خیریت آباد کے رکن اسمبلی دانم ناگیندر نے بھی مندر کا دورہ کیا۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے دیوی کو بونم پیش کیا۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی آج دہلی کے دوروزہ دورہ کے لئے روانہ ہوگئے۔ جہاں وہ کانگریس کی اعلیٰ قیادت کو ورنگل میں ایک جلسہ عام میں حصہ لینے کے لئے دعوت دیں گے۔ اس جلسہ میں فصل قرض معافی کے لئے شکریہ ادا کیا جائے گا۔ نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ بھی دہلی پہنچ چکے ہیں۔ 18 جولائی کو فصل قرض معافی اسکیم شروع کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا تھا کہ وہ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ کے ساتھ دہلی جائیں گے اور سونیا گاندھی اور راہول گاندھی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں ورنگل آرٹس کالج میں ایک جلسہ اظہار تشکر کے لئے دعوت دیں گے۔ جہاں پارٹی نے قرض معاف کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ راہول گاندھی نے 6 مئی کو ورنگل میں ہونے والے جلسہ عام میں کسانوں کے ڈکلیریشن میں دولاکھ روپے کے قرض معاف کرنے کی اسکیم کا اعلان کیا تھا۔

☆☆☆

ریاستی بی جے پی کے صدر اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی نے یہ جھوٹا پروپگنڈہ پھیلایا تھا کہ اگر بی جے پی جیت جائے گی تو دستور کو بدل دیا جائے گا اور تحفظات ختم کر دئے جائیں گے، لیکن ملک کی عوام نے یہ محسوس کیا کہ اگر کانگریس حکومت میں آئی تو دہشت گردی، خاندانی حکمرانی اور کرپشن میں اضافہ ہوگا۔ کشن ریڈی سکندرآباد سنٹرل ضلع کے پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی اکیلی ایسی جماعت ہے جو انتخابات اور اقتدار سے قطعی نظر منظم طور پر کام کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے کئی بار ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کی توہین کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے سر جموں وکشمیر میں آرٹیکل 370 برخواست کرنے کا سہرا جاتا ہے۔ کشن ریڈی نے عوام سے کہا کہ وہ دیکھیں کہ کانگریس پارٹی کا رویہ پارلیمنٹ کے آنے والے سیشن میں کس طرح کا ہوتا ہے۔

☆☆☆

بھدراچلم میں گوداوری کے پانی کی سطح آہستہ آہستہ بڑھ رہی ہے۔مرکزی وزارتِ آبی وسائل کے عہدیداروں نے بتایا کہ اوپر کے علاقوں سے پانی کے بہاؤ کی وجہ سے بھدراچلم میں گوداوری کی سطح بڑھ رہی ہے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ اگر گوداوری میں پانی کی سطح موجودہ 42.2 سے بڑھ کر 43 فٹ ہوجائے تو پہلی وارننگ جاری کی جائے گی۔ چرلہ منڈل میں چاردیہاتوں کو جانے والی ٹریفک سیلاب کے پانی کی وجہ سے رک گئی۔ بھدراچلم کے کئی گھاٹ پانی میں ڈوب گئے۔ پرنا سالا علاقہ پانی میں ڈوبا ہوا ہے۔دوما گوڑم منڈل میں سیتاواگو اور گوبالامنگی نہر بھرپور بہہ رہی ہے۔بھدراچلم سے چھتیس گڑھ اور اوڈیشہ تک جانے والی سڑک پر ٹریفک ٹھپ ہوگئی ہے جس کی وجہ چھٹی میں سیلاب کا پانی جمع ہونا ہے۔گوداوری کے آخری حصہ میں سبری ندی میں بھی سیلاب آ گیا ہے۔اس دوران کالیشورم پراجکٹ کا میڈی گڈہ بیریج آہستہ آہستہ لبریز ہورہا ہے۔4.06 لاکھ کیوزک سیلاب کا پانی میڈی گڈہ بیریج پہنچ چکا ہے۔ بیریج کے 85 دروازیں کھولے گئے ہیں اور پانی جاری کیا جارہا ہے۔

☆☆☆

میٹرولوجیکل سنٹر نے کہا ہے کہ خلیج بنگال میں سمندری طوفان کمزور ہوکر ہوا کے دباؤ میں کمی کے علاقہ میں تبدیل ہوگیا ہے۔امکان ہے کہ وہ شمال مغرب کی سمت میں بڑھے گا اور اگلے بارہ گھنٹوں میں چھتیس گڑھ پہنچ کر مزید کمزور ہوجائے گا۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ تلنگانہ میں مانسون سرگرم ہے اور آج عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، جیاشنکر بھوپالاپلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ اور سوریہ پیٹ میں گرج چمک کے ساتھ تیز سے بہت تیز بارش ہوئی۔میٹرولوجیکل ڈپارٹمنٹ نے کہا کہ اگلے تین دنوں تک ریاست میں کئی مقامات پر 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔

☆☆☆

گدوال میں جورالا پراجکٹ کی سطح آب اپنی زیادہ سے زیادہ حد پر پہنچ چکی ہے۔ جورالا پراجکٹ کے 17 دروازے کھول دئے گئے اور 96 ہزار 141 کیوزک پانی سری سیلم پراجکٹ میں جاری کیا گیا۔اس کے ساتھ ہی سری سیلم پراجکٹ کی پانی کی گنجائش میں مسلسل تین دنوں سے اضافہ ہورہا ہے۔ سری سیلم میں پانی کی سطح 821.20 فٹ ہوگئی ہے۔جبکہ اس کی مکمل سطح 885 ہے۔ لیکن فی الحال بجلی کی پیداوار نہیں ہورہی ہے۔

☆☆☆☆

سوریہ پیٹ ضلع کے مونا گالا منڈل کے گاؤں کالاکوواکے ایک کسان کے لکشمیا کی دم گھٹنے سے موت ہوگئی ہے جو بورویل کی موٹر مرمت کرنے کے لئے اندر گیا تھا۔ محکمہ مال کے عہدیدار جے سی بی کی مدد سے بورویل سے نعش نکالنے کی کوشش کررہے ہیں۔اس کے لئے بورویل کے اطراف ایک گڑھا کھودا جارہا ہے۔

☆☆☆

جنگاؤں کے ضلع کلکٹر رضوان باشاہ نے کہا ہے کہ عوام کو بارش کے بارے میں چوکس کرنے کے لئے کلکٹر آفس میں ایک کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جس کا نمبر 9052308621 ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کو چاہئے کہ وہ ندیوں، نالوں کے بھرنے اور ڈھلان والے علاقوں میں پانی جمع ہونے کے بارے میں حکومت کو اطلاع دیں۔

☆☆☆

میدک ضلع میں تیز بارش کے مدنظر ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اودئے کمار ریڈی نے عوام سے کہا ہے کہ وہ چوکس رہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور انتظامیہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی صورت میں مقام پر پہنچنے کے لئے تیار ہے۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ فوری مدد کے لئے پولیس کنٹرول روم کے نمبر 8712657888 یا 100 نمبر پر کال کریں۔

☆☆☆

راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے کہا ہے کہ ضلع میں بارش کے مدنظر عوام کی سہولت کے لئے ضلع کلکٹر آفس میں ہلپ لائن نمبر قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی مدد کے لئے ہلپ لائن نمبر 9398684240 پر ربط پیدا کیا جا سکتا ہے۔